اس رسالہ کا مطالعہ ہر مسلمان کیلئے نہایت ضروری ہے

اِذَا رَاَیْتُمُ الَّذِیْنَ یَسُبُّوْنَ اَصْحَابِیْ فَقُوْلُوْا لَعْنَةُ اللّٰہِ عَلٰی شَرِّکُمْ (الحدیث)

شمشیر حق

www.jmmpak.tk

مرتب

ابن مجاہد

ناشر: اہل السنۃ والجماعۃ پاکستان

بَلَغَ العُلےٰ بِکَمَالِہٖ
کَشَفَ الدُّجےٰ بِجَمَالِہٖ
حَسُنَتْ جَمِیْعُ خِصَالِہٖ
صَلُّوْا عَلَیْہِ وَآلِہٖ

اللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

www.jmmpak.tk

اس رسالہ کا مطالعہ ہر مسلمان کیلئے نہایت ضروری ہے

اِذَا رَأَیْتُمُ الَّذِیْنَ یَسُبُّوْنَ اَصْحَابِیْ فَقُوْلُوْا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلٰی شَرِّکُمْ (الحدیث)

شمشیر حق

یونٹ سیدنا خالد بن ولید لاہور ★ اہلسنت والجماعت ★
شعبہ نشرواشاعت

www.jmmpak.tk

مرتب
ابن مجاہد

ناشر: اہل السنۃ والجماعۃ پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

انتساب

میں اپنی اس ادنیٰ سی کاوش کو ان مقدس
شخصیات کے نام منسوب کرنے کی سعادت حاصل
کرتا ہوں جو " فَمِنۡهُم مَّن قَضٰی نَحۡبَهٗ وَمِنۡهُم مَّن
يَّنتَظِرُ " کا مصداق بن گئے۔ میری مراد شہداءِ راہِ حق
شہسواران ناموسِ صحابہ رضی اللہ عنہم واہلِ بیت رض اور
اسیرانِ ناموسِ صحابہ رضی اللہ عنہم واہلِ بیت رض
و جملہ اراکین ہیں۔

قیمت 22/روپے

www.jmmpak.tk

شمشیرِ حق عنوانات کے آئینے میں

صفحہ	عنوان
2	انتساب
3	تمہید
5	شیعہ کے چند کفریہ عقائد
5	انکارِ علمِ غیب باری تعالیٰ
6	غیر اللہ کو اللہ تعالیٰ کے برابر قرار دینا
7	گستاخی رسالتِ مآب
7	عقیدہءِ امامت
9	مرتبہءِ امامت کی مقامِ نبوت سے برتری
10	انکارِ قرآن
12	گستاخی امہات المومنینؓ
14	گستاخی اصحابؓ رسول ﷺ
15	تکفیرِ شیعہ پر شبہات کے جوابات (از حضرت تھانویؒ)
17	ضروری وضاحت
21	شیعوں کے چند کفریہ عقائد مع حوالہءِ کتبِ شیعہ
31	فتویٰ مفتی محمودؒ و دیگر اکابر علماء
32	دعوتِ فکر

www.jmmpak.tk

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

شیعیت اسلام کے خلاف بدترین سازش ہے اور یہود ومجوس وغیرہ کی اسلام سے بدلہ لینے کی مذموم کوشش ہے، جس کو صرف اسلام کا لیبل لگا کر پیش کیا گیا۔ جو کہ درحقیقت یہودی اور مجوسی نظریات اور اعمال واخلاق کا چربہ بلکہ معجونِ مرکب ہے۔ اِسے اسلام، قرآن اور اہل بیت سے قطعاً کوئی تعلق اور واسطہ نہیں ہے۔ شیعہ سے امتِ مسلمہ کا اختلاف عقیدہ توحید ہی سے شروع ہو جاتا ہے۔ عقیدہ توحید اسلام کا اصل الاصول عقیدہ ہے۔

یہی وہ عقیدہ ہے جس کی دعوت کیلئے ربِ ذوالجلال نے کم وبیش 'ایک لاکھ چوبیس ہزار' انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام مبعوث فرمائے۔ اسلام کا دوسرا بنیادی عقیدہ 'رسالت' ہے۔ اور اسی طرح سے حقانیتِ قرآن کا عقیدہ رکھنا ضروریاتِ دین میں سے ہے۔ اور ضروریاتِ دین میں سے کسی ایک چیز کا انکار کفر ہے، لیکن شیعہ کا نہ تو توحید پر ایمان ہے، نہ آپ ﷺ کی ختمِ نبوت پر، موجودہ قرآن پاک میں بھی شیعہ تحریف کے قائل ہیں۔ اس کے علاوہ دینِ اسلام کے تقریباً تمام اصول وفروع میں شیعیت کا اہل سنت کے خلاف ایک الگ اور جداگانہ نظریہ ہے۔

لیکن شیعیت کے پاس ایک ایسا کارآمد ہتھیار ہے جس کی وجہ سے شیعہ مذہب پھیلا اور ان کا کفر چھپا رہا لیکن پھر بھی جس نے ان کی کتابوں کا مطالعہ کیا، ان کے مذہب وعقائد کو جاننے کی کوشش کی وہ اس نتیجہ پر پہنچا کہ 'شیعہ کائنات کا بدترین کافر ہے' اور جس نے ان کی کتابوں کے مطالعہ کیلئے وقت نہ نکالا وہ تردد میں رہا جیسا کہ شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمہ اللہ نے فرمایا مَن لَّم یُکَفِّرْھُم لَم یَدْرِ عَقَائِدَھُمْ (فیض الباری ۱۳۰ ج ۱)

ترجمہ: جس نے انہیں کافر نہیں کہا تو اس وجہ سے کہ اسے ان کے عقائد معلوم نہیں۔

اور وہ کارآمد ہتھیار 'تقیہ' ہے۔ شیعوں کے نزدیک تقیہ فرض ہے۔ عام سادہ لفظوں میں جھوٹ کا نام تقیہ ہے۔ کہ جھوٹ بول کر جان چھڑا لو اور اندر گھس کر دینِ اسلام کو نقصان پہنچاؤ مذہبِ شیعہ میں تقیہ کی بہت زیادہ تاکید کی گئی ہے چنانچہ اصولِ کافی (جو شیعہ مذہب کی بنیادی کتاب ہے) میں امام جعفر صادق کی طرف یہ منسوب ہے:

www.jmmpak.tk

قَالَ الإمَامُ جَعفَر الصَّادِقُ عَلَیہِ السَّلَامُ لَا اِیمَانَ لِمَن لَّا تَقِیَّۃَ لَہٗ [اصول کافی ص ۴۸۲] اِنَّ تِسعَۃَ اَعشَارِ الدِّینِ فِی التَّقِیَۃِ وَ لَا دِینَ لِمَن لَا تَقِیَّۃَ لَہٗ

[اصولِ کافی ج ۲ ص ۲۱۷ طبع تہران]

ترجمہ: دین کے نو حصے (۹۰٪) تقیہ میں ہیں اور جو تقیہ نہیں کرتا اسکا کوئی ایمان نہیں۔

شیخ الحدیث حضرت مولانا سرفراز خان صاحب صفدر (دامت برکاتہم العالیہ)

ارشاد الشیعہ ص ۲۸ پر شیعہ کی تکفیر میں عوام وخواص کی خاموشی اور تردد کی وجوہ لکھتے ہوئے تیسری وجہ کا ذکر فرماتے ہیں کہ تیسری وجہ یہ ہے کہ 'شیعہ کے نزدیک ان کے دین کے دس حصوں میں سے نو حصے تقیہ میں مضمر ہیں' .... آگے چل کر تحریر فرماتے ہیں کہ وہ مسلمانوں جیسے نام بھی رکھتے ہیں اور اسلام کے دعوے دار بھی ہیں تو عوام بے چارے تو کیا خواص بھی ان کی تکفیر میں تامل کرسکتے ہیں۔ یہ وہ اہم وجوہ ہیں جنکی وجہ سے شیعوں کی تکفیر عیاں نہیں ہو جیسا کہ ہونی چاہیے تھی۔

(ارشاد الشیعہ ص ۲۸/۱۲۹ از مولانا سرفراز خان صفدر)

انہی وجوہات کی بناء پر ہمارے بعض علماء مطلق شیعہ اثنا عشریہ کی تکفیر کے قائل نہیں ہوئے بلکہ انہوں نے عقائد پر حکم لگایا ہے کہ جس کا یہ عقیدہ ہو وہ کافر ہے۔ لیکن یہ بات تو اسوقت تھی جب شیعہ مذہب ظاہر نہ تھا اور ان کی کتابیں نایاب تھیں۔ اسی لئے ہمارے بعض اکابر احتیاطاً یہی کہا کرتے تھے۔ اور ماضی قریب کے حضرت مولانا منظور احمد نعمانیؒ کا بھی ابتداءً یہی رویہ تھا۔ لیکن خمینی انقلاب کے بعد جب انکی کتابیں منظر عام پر آئیں تو مولانا منظور احمد نعمانی نے نہ یہ کہ خود علی الاعلان شیعہ کی تکفیر کی بلکہ اس فرقہ کی تکفیر کو اسلام کے دفاع کیلئے ضروری اور وقت کی اہم ضرورت سمجھتے ہوئے پاکستان، ہندوستان، برطانیہ، بنگلہ دیش و دیگر ممالک کے علماءِ کرام و مفتیانِ عظام سے اس فرقہ کے متعلق فتویٰ طلب کیا۔ اور پھر ان فتاویٰ جات کو وقت کی ضرورت سمجھتے ہوئے اپنے رسالہ الفرقان' میں خمینی اور اثنا عشریہ کے بارہ میں علماءِ کرام کا متفقہ فیصلہ کے عنوان سے خصوصی اشاعت کے طور پر شائع کیا پھر اسی متفقہ فیصلہ کو (جس میں سینکڑوں، ہزاروں علماء و مفتیان کے مطلق شیعہ اثنا عشریہ کی تکفیر کے فتاویٰ وتصدیقات ہیں) حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی شہیدؒ نے بھی جامعہ بنوری ٹاؤن کراچی پاکستان کے ماہنامہ بینات کی طرف سے اسی عنوان کے ساتھ شائع کیا

www.jmmpak.tk

۔شیعیت کی تکفیر کا فتویٰ صرف علماءِ دیوبند ہی نے نہیں دیا بلکہ بریلوی اور اہلحدیث مسلک کے علماءِ کرام نے بھی اس فرقہ کی کھل کر تکفیر کی ہے اور اس موضوع پر مستقل رسالے اور کتابیں تصنیف کیں ۔لیکن میرا مقصود کتب اور فتاویٰ کو ذکر کرنا نہیں بلکہ شیعہ مذہب کے ان چند عقائد کو ذکر کرنا ہے جن کی بناء پر علماءِ کرام ومفتیانِ عظام نے شیعہ اثنا عشریہ کی تکفیر کی ۔

شیعہ کے چند کفریہ عقائد

ذیل میں شیعہ کے چند بنیادی عقائد ان کی کتابوں کے حوالہ سے درج کئے جاتے ہیں:

(۱) انکارِ علمِ غیبِ باری تعالیٰ : جملہ اہلِ اسلام کا یہ قطعی عقیدہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کا علم ازل وابد کو محیط ہے ۔ اور کوئی بھی ہونے والا واقعہ اس سے مخفی نہیں ۔اور اس کے فیصلہ میں کبھی غلطی نہیں ہوئی اور نہ ہوتی ہے اور شیعہ امامیہ کے نزدیک اللہ تعالیٰ کے بارے میں بداء کا عقیدہ رکھنا ایک بہت ہی بڑی عبادت ہے حتیٰ کہ کسی نبی اور رسول کو اس وقت تک نبوت ورسالت نہیں دی گئی جب تک اس نے عقیدہ بداء کا اقرار نہیں کیا۔ بداء کا معنی ہے ظہور وانکشاف (ظاہر ہونا اور کھلنا) یعنی ایک چیز اللہ تعالیٰ کو معلوم نہیں ہوتی پھر وہ اس پر ظاہر ہو جاتی ہے ۔ بالفاظِ دیگر (معاذ اللہ) پہلے اللہ تعالیٰ ایک چیز کو نہیں جانتا اور اس سے جاہل رہتا ہے پھر وہ چیز اس پر واضح ہو جاتی ہے ۔شیعہ اور امامیہ تقیہ سے کام لیتے ہوئے عوام کو غلط فہمی میں رکھنے کی کوشش کرتے ہیں کہ بداء کا یہ معنی اور مفہوم نہیں ہے، مگر یہ ان کا دھوکہ ہے بداء کی یہ تعریف ان کی کتابوں سے ثابت ہے ۔شیعہ کے نزدیک اللہ رب العزت کے متعلق بداء کا عقیدہ رکھنا بہت بڑی عبادت ہے ۔چنانچہ اصولِ کافی میں یہ روایت مذکور ہے :عَنْ اَحَدِهِمَا عَلَيْهِمَا السَّلَام قَالَ مَا عُبِدَ اللّٰهُ بِشَيْءٍ مِثْلَ الْبَدَاءِ (اصولِ کافی جز ۲ ص ۲۲۸ طبع لکھنؤ) (ج ۱ ص ۱۴۶ طبع تہران) ترجمہ: امام محمد باقر یا امام جعفر صادق میں سے کسی ایک سے روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا اللہ تعالیٰ کی عبادت اور کسی چیز سے ایسی نہیں ہوتی جیسا کہ بداء کے عقیدہ سے ہوتی ہے ۔ اور دوسری جگہ ہے : مَا عُظِّمَ اللّٰهُ بِمِثْلِ الْبَدَاءِ (ج ۱ ص ۱۴۶ طبع تہران) یعنی اللہ تعالیٰ کی تعظیم جیسے بداء سے ہوتی ہے اور کسی چیز سے نہیں ہوتی ۔

[بحوالہ ارشاد الشیعہ ص ۱۶۹/ ۱۷۰ از مولانا سرفراز خان صاحب صفدر دام مجدہم]

(مزید معلومات کیلئے ارشاد الشیعہ کا مطالعہ فرمائیں!)

www.jmmpak.tk

(۲) غیر اللہ کو اللہ تعالیٰ کے برابر قرار دینا

اللہ رب العزت کا قرآن پاک میں ارشاد ہے وَلَا تُشْرِکُوْا بِہٖ جس کا مفہوم ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ۔ اللہ رب العزت نے قرآن پاک میں جابجا شرک سے منع فرمایا ہے اور مشرک کیلئے مختلف مقامات پر سخت وعیدیں ذکر فرمائی ہیں جیسے فرمایا: اِنَّ الشِّرْکَ لَظُلْمٌ عَظِیْمٌ کہ شرک بہت بڑا ظلم ہے۔ اسی طرح ساتویں پارہ کے دسویں رکوع میں تقریباً ۱۸/ اولوالعزم پیغمبروں کا ذکر کرنے کے بعد فرمایا: وَلَوْ اَشْرَکُوْا لَحَبِطَ عَنْھُمْ مَا کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ (کہ وہ پیغمبر بھی اگر شرک کرتے تو انکے اعمال ضائع ہوجاتے) اسی پر بس نہیں بلکہ محض شرک کی مذمت کرتے کیلئے مقصودِ کائنات سرورِ کونین حضرت محمد ﷺ سے بھی فرمادیا: لَئِنْ اَشْرَکْتَ لَیَحْبَطَنَّ عَمَلُکَ وَلَتَکُوْنَنَّ مِنَ الْخَاسِرِیْنَ ترجمہ: اے میرے محبوب (بالفرض) اگر آپ ﷺ بھی شرک کریں گے تو آپ ﷺ کے اعمال ضائع ہوجائیں گے اور آپ خسارہ پانے والوں میں سے ہوجائیں گے' لیکن اس بارے میں شیعہ کا نظریہ بھی ملاحظہ ہو! شیعہ مجتہد اپنی کتاب ''ہاتھی کے دانت کھانے اور دکھانے کے اور'' کے صفحہ ۱۴۲/ پر تحریر کرتا ہے: علی سے مدد مانگنا سنّتِ انبیاء ماسبق (پہلے) ہی نہیں بلکہ سنّتِ خاتم الانبیاء ہے۔ میں اسے شرک نہیں سمجھتا۔ اس جملے پر ذرا غور فرمایئے کہ یہ جملہ کس قدر شرکیہ ہے؟ لیکن عبدالکریم مشتاق شیعہ مجتہد اس بات پر مصر ہے کہ یہ شرک نہیں بلکہ انبیاء علیہم السلام کی سنّت ہے۔ جبکہ یہ جملہ صرف شرکیہ ہی نہیں بلکہ اس جملہ سے تمام انبیاء علیہم السلام پر یہ تہمت بھی عائد ہوتی ہے کہ انبیاء علیہم السلام بھی معاذ اللہ شرک کیا کرتے تھے۔

(۳) گستاخی رسالت

اور ساتھ ہی شیعہ کا عقیدہ رسالت ملاحظہ ہو! وہ مبارک ہستی جن کی خاطر کل کائنات بنائی گئی' جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنا حبیب بنا کر اپنی تمام مخلوق کا سردار بنایا' اور تمام انبیاء و مرسلین کا امام بنایا' جن کو رحمۃ للعٰلمین کا خطاب دیا' جن کو مقامِ محمود کا عالی منصب عطا کیا' اور جن کی کامیابی کا اعلان ان الفاظ سے کیا: اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ نِعْمَتِیْ وَرَضِیْتُ لَکُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًا (آج میں نے تمہارے واسطے تمہارا دین مکمل کردیا اور تم پر اپنی نعمت مکمل کردی اور تمہارے لئے اسلام کو بطورِ دین پسند کیا) اور جن کو کافر مؤرخین نے بھی دنیا کا سب سے عظیم اور کامیاب ترین

www.jmmpak.tk

قائد تسلیم کیا مگر شیعوں کے امام خمینی نے اپنی ایک نشری تقریر میں کہا ہے [جس تقریر کو خانہ فرہنگ ایران ملتان پاکستان نے ''اتحاد و یکجہتی امام خمینی کی نظر میں'' کے نام سے چھپوا کر تقسیم کیا ہے) جو نبی بھی آئے وہ انصاف کے نفاذ کیلئے آئے اور انکا مقصد بھی یہی تھا کہ دنیا میں انصاف کو نافذ کریں لیکن وہ کامیاب نہ ہوئے یہاں تک کہ ختم المرسلین جو انسانوں کی اصلاح کیلئے آئے تھے اور انصاف کے نفاذ کیلئے آئے تھے انسانوں کی تربیت کیلئے آئے تھے لیکن وہ اپنے زمانہ میں کامیاب نہیں ہوئے۔ معاذ اللہ

(۴) امامت

شیعہ کہتے ہیں کہ سلسلہ نبوت کی (معاذ اللہ) ناکامی کے بعد اللہ رب العزت کو ایک اور سلسلہ شروع کرنا پڑا جسے سلسلہ امامت کہتے ہیں۔۔۔۔۔ شیعوں کے ہاں ان کے بارہ اماموں کا مقام و مرتبہ انبیاء علیہم السلام سے بڑھ کر ہے۔ ہمارے ہاں لفظِ امام اور معانی کیلئے استعمال ہوتا ہے، شیعوں کے ہاں اور معانی کیلئے۔ عربی زبان میں امام کا لفظ حاکم، مقتداء، پیشوا، رہبر، اور کسی فن کے موجد کیلئے استعمال ہوتا ہے۔ قرآن پاک میں انبیاء علیہم السلام کو بھی امام کہا گیا۔ کما قال اللہ تعالیٰ: وَجَعَلْنَاهُمْ أَئِمَّةً يَهْدُونَ بِأَمْرِنَا۔ بڑے راستے اور شارع عام کو بھی امام کہا گیا کما قال اللہ تعالیٰ: وَإِنَّهُمَا لَبِإِمَامٍ مُّبِينٍ۔ لوحِ محفوظ کو بھی امام کہا گیا جیسے وَكُلَّ شَيْءٍ أَحْصَيْنَاهُ فِي إِمَامٍ مُّبِينٍ۔ اسی طرح برے پیشوا کیلئے بھی امام کا لفظ استعمال کیا گیا جیسے وَجَعَلْنَاهُمْ أَئِمَّةً يَدْعُونَ إِلَى النَّارِ وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ لَا يُنْصَرُونَ وَأَتْبَعْنَاهُمْ فِي هَذِهِ الدُّنْيَا لَعْنَةً وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ هُمْ مِنَ الْمَقْبُوحِينَ۔

[ترجمہ: اور ہم نے انہیں پیشوا بنایا وہ دوزخ کی طرف بلاتے تھے اور قیامت کے دن انہیں مدد نہیں ملے گی اور ہم نے اس دنیا میں ان کے پیچھے لعنت لگادی اور وہ قیامت کے دن بھی بدحالوں میں ہوں گے] مطلق پیشوا کو بھی امام کہا گیا جیسے وَيَوْمَ نَدْعُو كُلَّ أُنَاسٍ بِإِمَامِهِمْ (اور جس دن ہم ہر فرقہ کو انکے سرداروں کے ساتھ بلائیں گے) کسی فن کے ماہر کو بھی امام کہا جاتا ہے جیسے امام الصرف والنحو وغیرہ۔ لیکن مذھب شیعہ کے ہاں امام ایک انسان نما مستقل مخلوق ھے جو اپنی تخلیق اور اوصاف میں تمام انسانوں سے الگ ہے۔ جن میں سے چند خصائص یہ ہیں:

(۱) اماموں کی روحیں اللہ تعالیٰ کے نور سے پیدا ہوتی ہیں اور امام اللہ کا نور ہیں۔ [اصول کافی ج ۱

www.jmmpak.tk

ص ۱۹۴]

(۲) ائمہ کے دل اور بدن عرش کی مٹی سے بنائے جاتے ہیں۔ [ص ۳۷۹]

(۳) جب اللہ تعالیٰ امام کو پیدا کرنا چاہتا ہے تو اللہ کے حکم سے ایک فرشتہ عرش کے نیچے سے ایک شربت لے آتا ہے اور امام کے والد کو آکر پلاتا ہے جو پانی سے رقیق (پتلا) مکھن سے نرم، شہد سے میٹھا، دودھ سے سفید، اور برف سے زیادہ سرد ہوتا ہے۔ پھر اسے جماع کا حکم کرتا ہے اور اسی شربت سے امام کے لئے نطفہ تیار ہوتا ہے۔

[حق الیقین ص ۴۵]

(۴) چالیس (۴۰) دن گذرنے کے بعد امام ماں کے پیٹ میں ہی لوگوں کی باتیں سنتا اور سمجھتا ہے۔ فرشتہ اس کے بازو پر یہ آیت لکھ دیتا ہے: وَتَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ صِدْقًا وَعَدْلًا لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۔ [حق الیقین ص ۴۵]

(۵) در شکمِ مادر ذکرِ حق تعالیٰ می کند و تلاوت سورہ اِنَّا اَنْزَلْنَا و سائر آیات می نماید

[حق الیقین ص ۴۵/ ۴۶]

یعنی امام ماں کے پیٹ میں اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتا ہے اور سورت اِنَّا اَنْزَلْنَا اور دیگر آیات کی تلاوت کرتا رہتا ہے۔

(۶) امام ماں کے رحم سے نہیں بلکہ ران سے نکلتا ہے۔

[الکتاب المبین ج ۱ ص ۳۵۴] (از محمد خان کرمانی)

(۷) امام مفترض الطاعت ہوتا ہے (امام کی اطاعت فرض ہوتی ہے) اس پر وحی باطنی نازل ہوتی ہے۔ اور امام کو یہ بھی اختیار حاصل ہوتا ہے کہ جس حلال کو چاہے حرام، اور جس حرام کو چاہے حلال کر ڈالے۔

(۵) شیعوں کے نزدیک مرتبہ امامت کی مقامِ نبوت سے برتری:

چنانچہ ملا باقر مجلسی جسکو شیعہ خاتم المحدثین کہتے ہیں، اور خمینی نے جسکی کتابوں کے مطالعہ کی تاکید کی ہے، مذہب شیعہ کا یہ ترجمانِ اعظم اپنی کتاب 'حیات القلوب' میں لکھتا ہے: از بعضے اخبارِ معتبر (کہ انشاء اللہ بعد از یں مذکور خواہد شد) معلوم می شود کہ مرتبہء امامت بالاتر از مرتبہء پیغمبری است

www.jmmpak.tk

ترجمہ: ائمہ کی بعض روایات سے (جوان شاء اللہ اس کے بعد ذکر کی جائیں گی) معلوم ہوتا ہے کہ امامت کا مرتبہ نبوت کے مرتبہ سے بالاتر ہے۔ معاذ اللہ

باقر مجلسی کی اس عبارت سے صاف معلوم ہورہا ہے کہ اثنا عشریہ کا عقیدہ اپنے ائمہ کی احادیث وروایات کی بنا پر یہ ہے کہ امامت کا درجہ نبوت سے بالاتر ہے۔ اور اس زمانہ کی شیعی دنیا کے امام خمینی نے بھی 'الحکومت الاسلامیہ' میں صراحت کے ساتھ تحریر کیا ہے: وَاِنَّ مِنْ ضَرُوْرِیَاتِ مَذْهَبِنَا اَنَّ لِاَئِمَّتِنَا مَقَامًا لَا یَبْلُغُهٗ مَلَکٌ مُقَرَّبٌ وَلَا نَبِیٌّ مُرْسَلٌ [الحکومت الاسلامیہ ص ۵۲ طبع تہران] ترجمہ: ہمارے (شیعہ اثنا عشریہ) کے ضروری اور بنیادی عقائد میں سے یہ عقیدہ بھی ہے کہ ہمارے ائمہ کو وہ مقام اور مرتبہ حاصل ہے جس تک کوئی مقرب فرشتہ اور نبی مرسل بھی نہیں پہنچ سکتا۔

شیعوں کا یہی وہ عقیدہ ہے جس کی بنا پر شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ اس نتیجہ پر پہنچے کہ شیعہ اپنے اس عقیدہ امامت کی وجہ سے ختمِ نبوت کے منکر ہیں۔ اور حضرت شاہ صاحبؒ نے مؤطا امام مالک کی شرح مسوّی میں اثنا عشریہ کو اسی عقیدہ امامت کی بناء پر زنادقہ اور مرتدین کے زمرہ میں شمار کیا ہے۔

(۶) انکارِ قرآن: شیعوں کے عقیدہء امامت کے بعد قرآنِ پاک کے متعلق شیعہ عقائد ملاحظہ ہوں! واضح رہے کہ پوری امتِ مسلمہ کا یہ عقیدہ ہے کہ موجودہ قرآن کامل ومکمل اور ہر طرح کی تحریف سے پاک ہے اور اس میں کمی بیشی اور تحریف کا عقیدہ رکھنے والا قطعی کافر اور امتِ مسلمہ سے خارج ہے۔ اس لئے کہ اس قرآن مقدس کی حفاظت کا ذمہ خود اللہ رب العزت نے لیا ہے۔ چنانچہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے: اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ۔ ترجمہ: بے شک ہم نے ذکر یعنی قرآنِ مجید کو نازل کیا اور ہم ہی اس کی حفاظت کرنے والے ہیں۔ لاکھوں حفاظ رمضان المبارک میں قرآنِ کریم سناتے ہیں اور کروڑوں مسلمان ان کے پیچھے یہ کامل ومکمل قرآن شریف بسم اللہ کی (ب) سے والناس کی (س) تک سنتے ہیں۔ اور روزانہ تلاوت کرتے ہیں۔ الحمد للہ یہ سلسلہ آنحضرت ﷺ سے تاہنوز جاری ہے اور انشاء اللہ قیامت تک جاری رہے گا۔ مگر شیعہ حضرات اس کے برعکس عقیدہ رکھتے ہیں چنانچہ محمد بن یعقوب کلینی کی اصولِ کافی جو کہ شیعہ مذہب کی بنیادی کتاب ہے' اور اس کا درجہ شیعوں کے ہاں ایسے ہے جیسے ہمارے ہاں صحیح بخاری کا ہے بلکہ اس سے بھی زیادہ ہے' اور شیعی دنیا کے امام خمینی نے بھی اس کتاب کو کشف

www.jmmpak.tk

الاسرار میں بزرگ ترین کتاب قرار دیا ہے' اس اصول کافی کی چوتھی جلد کے ص ۴۴۶ پر لکھا ہے :
اِنَّ الْقُرْآنَ الَّذِیْ جَاءَ بِهٖ جِبْرَئِیْلُ اِلیٰ مُحَمَّدٍ سَبْعَةَ عَشَرَ اَلْفَ اٰیَةٍ [اصولِ کافی ص ۴۴۶]
اور اسی طرح علامہ نوری طبرسی نے (جو کہ شیعوں کا عظیم مجتہد ہے) اپنی کتاب "فصل الخطاب" میں نمبروار وہ دلائل پیش کئے ہیں جن سے انکے نزدیک قرآن میں تحریف کا ہونا ثابت ہوتا ہے۔
اس سلسلہ میں چوتھے نمبر پر علامہ نوری طبرسی نے ان روایات کا حوالہ دیا ہے جو یہ بتلاتی ہیں کہ قرآن میں اسی طرح تحریف ہوئی ہے جس طرح تورات وانجیل میں ہوئی ہے چنانچہ کہتا ہے :
اَلْاَمْرُ الرَّابِعُ ذِکْرُ اَخْبَارٍ خَاصَّةٍ فِیْهَا دَلَالَةٌ اَوْ اِشَارَةٌ عَلٰی کَوْنِ الْقُرْاٰنِ کَالتَّوْرَاةِ وَالْاِنْجِیْلِ فِیْ وُقُوْعِ التَّحْرِیْفِ وَالتَّغْیِیْرِ فِیْهِ وَرُکُوْبِ الْمُنَافِقِیْنَ الَّذِیْنَ اسْتَوْلَوْا عَلَی الْاُمَّةِ فِیْهِ طَرِیْقَةَ بَنِیْ اِسْرَائِیْلَ فِیْهِمَا وَهِیَ فِیْ نَفْسِهَا حُجَّةٌ مُسْتَقِلَّةٌ [فصل الخطاب ص ۹۴]
ترجمہ: اور چوتھی بات اثنا عشریہ کی ان خاص روایات کا ذکر جو صراحۃً یا اشارۃً یہ بتلاتی ہیں کہ تحریف یا تغیر کے واقع ہونے میں قرآن تورات اور انجیل ہی کی طرح ہے اور جو منافقین (معاذ اللہ) امت پر غالب آ گئے تھے وہ قرآن کی تحریف کرنے کے بارے میں اس راستے پر چلے جس راستہ پر چل کر بنی اسرائیل نے تورات و انجیل میں تحریف کی تھی' اور یہ ہمارے دعوے کی مستقل دلیل ہے۔ اور شیعی عالم نوری لکھتا ہے: اِنَّ الْاَخْبَارَ الدَّالَّةَ عَلٰی ذٰلِكَ تَزِیْدُ عَلٰی اَلْفَیْ حَدِیْثٍ [فصل الخطاب ص ۲۲۷] بحوالہ ارشاد الشیعہ (تحریف قرآن پر دلالت کرنے والی اخبار واحادیث دو ہزار سے زیادہ ہیں۔ شیعوں کے تین یا چار علماء کے علاوہ باقی سب تحریف کے قائل ہیں چنانچہ علامہ نوری لکھتا ہے: اِنَّ الْاَصْحَابَ قَدْ اَطْبَقُوْا عَلٰی صِحَّةِ الْاَخْبَارِ الْمُسْتَفِیْضَةِ بَلِ الْمُتَوَاتِرَةِ الدَّالَّةِ بِصَرِیْحِهَا عَلٰی وُقُوْعِ التَّحْرِیْفِ فِی الْقُرْاٰنِ کَلَامًا وَمَادَّةً وَاِعْرَابًا وَالتَّصْدِیْقُ بِهَا نَعَمْ خَالَفَ فِیْهَا الْمُرْتَضٰی وَالصَّدُوْقُ وَالشَّیْخُ الطَّبْرَسِیُّ۔
[فصل الخطاب ص ۳۰] ہمارے اصحاب کا اس پر اتفاق ہے کہ وہ مشہور بلکہ متواتر روایات جو صراحۃً بتلاتی ہیں کہ قرآن میں تحریف ہوئی اس کی عبارت میں بھی' اس کے الفاظ اور اعراب میں بھی' وہ روایات صحیح ہیں اور ان روایات کی تصدیق میں ہمارے اصحاب کے درمیان اتفاق ہے ہاں اس میں صرف مرتضی صدوق اور شیخ طبرسی نے اختلاف کیا۔

www.jmmpak.tk

ذرا آگے چل کر علامہ نوری نے ایک چوتھا نام ابو جعفر طوسی کا بھی نقل کیا۔ پھر ان سب کا جواب دیا اور ان چاروں کا رد کیا۔ یہ ذکر کر دینا بھی مناسب ہوگا کہ علامہ نوری کو دنیائے شیعیت میں کیا مقام حاصل ہے۔ اس کا اندازہ اس سے کیا جا سکتا ہے کہ جب علامہ نوری کا انتقال ہوا تو ان کو (نجفِ اشرف) میں مشہدِ مرتضوی کی عمارت میں دفن کیا گیا، جو شیعہ حضرات کے نزدیک اقدس البقاع (روئے زمین کا مقدس ترین مقام) ہے۔

یہی وہ عقیدہ (تحریفِ قرآن) ہے جس کی بناء پر حضرت مولانا عبدالشکور لکھنوی رحمہ اللہ نے علی الاعلان شیعہ کی تکفیر کا فتویٰ دیا۔ اور پھر اس فتویٰ کو حضرت مدنی، رحمہ اللہ تعالیٰ حافظ عبدالرحمٰن امروہی رحمہ اللہ تعالیٰ حضرت مولانا سید مرتضیٰ حسن چاندپوری، رحمہ اللہ تعالیٰ حضرت مولانا مفتی مہدی حسن، رحمہ اللہ تعالیٰ مولانا اعزاز علی، رحمہ اللہ تعالیٰ مفتی محمد شفیع، رحمہ اللہ تعالیٰ مولانا اصغر حسین، رحمہ اللہ تعالیٰ مولانا شبیر احمد عثمانی، رحمہ اللہ تعالیٰ قاری محمد طیب صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ وغیرہم جیسے اکابر و مشائخ اور اصحابِ فتویٰ کی تصدیقات کے ساتھ شائع کیا۔

واضح رہے کہ مولانا عبدالشکور لکھنوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے جو فتویٰ دیا تھا اس میں انہوں نے شیعہ کے عقائد پر فتویٰ نہیں لگایا بلکہ شیعہ فرقہ کو انہوں نے بحیثیت فرقہ کے خارج از اسلام قرار دیا چنانچہ حضرت لکھتے ہیں شیعہ اثنا عشری قطعاً خارج از اسلام ہیں۔ [خصوصی اشاعت ماہنامہ بیّنات بنوری ٹاؤن کراچی ص ۱۷۰]

فرمایا کہ ہمارے علمائے سابقین کو چونکہ ان کے مذہب کی حقیقت کما ینبغی (جیسے ہونی چاہیے تھی) معلوم نہ تھی بوجہ اس کے کہ یہ لوگ اپنے مذہب کو چھپاتے ہیں اور کتابیں بھی ان کی نایاب تھیں لہٰذا بعض محققین نے بناء بر احتیاط ان کی تکفیر نہیں کی تھی مگر آج ان کی کتابیں نایاب نہیں رہیں اور انکے مذہب کی حقیقت منکشف ہوگئی اسلئے تمام محققین ان کی تکفیر پر متفق ہوگئے ہیں۔ ضروریاتِ دین کا انکار قطعاً کفر ہے اور قرآن شریف ضروریاتِ دین میں سے سب سے اعلیٰ و ارفع چیز ہے۔ اور شیعہ بلا اختلاف کیا انکے متقدمین اور کیا متاخرین سب کے سب تحریفِ قرآن کے قائل ہیں۔

(۷) گستاخیٔ امہات المؤمنین رضی اللہ تعالیٰ عنہن

www.jmmpak.tk

اب ازواجِ مطہراتؓ (حضورِ اکرم ﷺ کی بیویوں اور مؤمنین کی ماؤں) کے متعلق نظریہ شیعہ ملاحظہ ہو!

ازواجِ مطہراتؓ کے متعلق اللہ رب العزت نے اپنے مقدس کلام میں ارشاد فرمایا: اَلنَّبِیُّ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ وَاَزْوَاجُهٗ اُمَّهَاتُهُمْ [پ۲۱ س احزاب] ترجمہ: نبی سے لگاؤ ایمان والوں کو زیادہ ہے اپنی جانوں سے اور اس کی بیویاں ان کی مائیں ہیں۔ خصوصاً آپکی چہیتی بیوی صدیقہء کائنات سیدہ عائشہ صدیقہ کی پاک دامنی کے متعلق اللہ رب العزت نے تقریباً ۱۸ آیات نازل فرمائیں اور ایک بیٹے کو جو ماں سے محبت ہوتی ہے اور ہونی چاہیے وہ ہر ذی عقل و ذی شعور پر واضح ہے۔ اس میں مسلمان تو مسلمان کافر بھی اپنی ماں کی عزت و ناموس پر فدا ہوتا ہے اور اپنی ماں کی شان میں ذرہ برابر گستاخی برداشت نہیں کرسکتا اور پھر ماں بھی وہ جس کو قرآن پاک نے ماں کہا ہو اس کے متعلق گستاخی کیسے برداشت کی جاسکتی ہے۔

لیکن شیعہ مجتہد ملا باقر مجلسی ازواجِ مطہرات میں سے سیدہ عائشہ و سیدہ حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے متعلق لکھتا ہے: پس آں دو منافقہ بایک دیگر اتفاق کردند کہ آنحضرت ﷺ را بزہر شہید کنند ترجمہ: ان دو منافقہ عورتوں (عائشہ و حفصہ) نے اس بارے میں اتفاق کیا کہ آنحضرت ﷺ کو زہر دے کر شہید کر دیا جائے۔ اور شیعہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی پاکدامنی کے بھی قائل نہیں ہیں جب کہ ان کی عفت و پاک دامنی کے متعلق قرآن مجید کے دو رکوع (۱۸ آیات) نازل ہوئے ہیں۔

جن کے آخر میں ہے: اَلْخَبِيْثٰتُ لِلْخَبِيْثِيْنَ وَالْخَبِيْثُوْنَ لِلْخَبِيْثٰتِ وَالطَّيِّبٰتُ لِلطَّيِّبِيْنَ وَالطَّيِّبُوْنَ لِلطَّيِّبٰتِ اُولٰٓئِكَ مُبَرَّءُوْنَ مِمَّا يَقُوْلُوْنَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ۔ (گندی عورتیں گندے مردوں کیلئے ہیں اور گندے مرد گندی عورتوں کیلئے اور پاکیزہ عورتیں پاکیزہ مردوں کیلئے ہیں اور پاکیزہ مرد پاکیزہ عورتوں کیلئے ہیں وہ بری ہیں اس (بہتان) سے جو وہ (منافق) کہتے ہیں ان کیلئے بخشش ہے اور عزت کی روزی ہے۔ ایسے صاف اور واضح الفاظ میں حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی پاکدامنی و طہارت عفت و نزاہت کا یہ وہ قرآنی و خدائی بیان ہے جو خود حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی سوچ سے بھی بالاتر ہے۔ وہ فرماتی ہیں کہ میں سمجھتی تھی کہ اللہ تعالیٰ نبی اکرم ﷺ

www.jmmpak.tk

کوخواب میں میری طہارت و پاکدامنی بتلادیں گے' اپنی طہارت وصفائی کے متعلق قرآن مجید کا نازل ہونا تو میرے وہم وگمان میں نہ تھا۔ جو آدمی حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی پاکدامنی کا قائل نہیں وہ قرآنِ مجید کی ان آیات کا منکر ہے اور قرآنِ مجید کا منکر یقیناً کافر ہے اس لئے ایسے شخص کے کفر میں کوئی شک نہیں۔

مذکورہ بالا آیات میں جو اصول بیان کیا گیا ہے' کہ برے مردوں کیلئے بری عورتیں اور پاک مردوں کیلئے پاکیزہ عورتیں ہیں' اسکی روشنی میں اگر غور کیا جائے تو بات واضح ہوجاتی ہے کہ نبی اکرم ﷺ کی طہارت میں جب کسی قسم کا شک نہیں تو آپ ﷺ کی ازواج (بیویوں) کی عفت میں بھی کسی قسم کا شبہ نہ ہونا بھی ضروری ہے ورنہ یہ شک صرف آپ ﷺ کی بیویوں تک محدود نہیں رہے گا بلکہ خود نبی اکرم ﷺ کا معاذ اللہ طاہر نہ ہونا لازم آئے گا جو خدا اپنے پیغمبر پر گندی مکھی برداشت نہیں کرتا وہ آپ ﷺ کیلئے گندی عورت کیسے برداشت کرسکتا ہے۔

اسکے علاوہ شیعہ کتب ایسی بے شمار غلاظتوں سے بھری پڑی ہیں کہ ازواج مطہرات کیلئے ایسے حیاسوز' انسانیت سے گرے ہوئے الفاظ استعمال کئے گئے ہیں۔ جی نہیں چاہتا کہ ان کو تحریر کیا جائے

(۸) گستاخی اصحابِ رسول ﷺ

اصحابِ رسول سے بغض وعناد میں تو شیعہ حضرات نے کوئی کسر چھوڑی ہی نہیں جو گھٹیا سے گھٹیا الفاظ شاید کسی نے فرعون وہامان' سور وخنزیر کیلئے بھی استعمال نہ کیے ہوں گے' وہ الفاظ شیعہ نے اصحابِ رسول کیلئے استعمال کیے ہیں' جبکہ اصحابِ رسول اس مقدس گروہ کا نام ہے جو امت کے عام افراد کی طرح نہیں بلکہ وہ اللہ کے رسول ﷺ اور امت کے درمیان ایک مقدس واسطہ ہونے کیوجہ سے شرعاً ایک خاص امتیازی مقام ومرتبہ رکھتے ہیں، رحمۃ للعالمین کے معجزات میں سے قرآن پاک کے بعد یہ مبارک جماعت آپ ﷺ کا سب سے بڑا معجزہ ہے کہ آپ ﷺ نے لاکھوں انسانوں کو اپنے رنگ میں رنگ دیا یہی وہ مبارک جماعت ہے جس کی منقبت رب ذوالجلال نے اپنی مقدس کلام میں خود بیان کی ہے۔ اور أُولٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ۔ أُولٰئِكَ هُمُ الْفَائِزُونَ۔ أُولٰئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُونَ حَقًّا۔ أُولٰئِكَ كَتَبَ فِي قُلُوبِهِمُ الْإِيمَانَ۔ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ ۔ جیسے تمغوں سے نوازا۔ اور اہل سنت والجماعت کا یہ بھی متفقہ عقیدہ ہے کہ ساری دنیا

www.jmmpak.tk

کے غوث، قطب، ابدال، اور اولیاء وغیرہ مل کر بھی اصحابِ رسول میں سے کسی ادنیٰ سے ادنیٰ صحابی کے مقام ومرتبہ تک نہیں پہنچ سکتے۔ لیکن اس بارے میں نظریۂ شیعیت بھی ملاحظہ ہو!

چنانچہ شیعہ کے عظیم مجتہد باقر مجلسی نے اپنی کتاب عین الحیات میں لکھا ہے: جمیع صحابہ بعد از وفاتِ حضرت رسول مرتد شدند واز دین برگشتند، [عین الحیات ص ۳ مطبوعہ ایران] ترجمہ: تمام صحابہ (معاذ اللہ) حضور ﷺ کی وفات کے بعد مرتد ہو گئے تھے اور دین سے پھر گئے تھے۔ یہی ملا باقر مجلسی اپنی کتاب حق الیقین کے صفحہ ۵۴۲ پر تحریر کرتا ہے: ہر دو کافر بودند وہر کہ ایشاں را دوست دارد کافر است ترجمہ: وہ دونوں کافر تھے اور جو ان کو دوست رکھے وہ بھی کافر ہے۔

محترم قارئین! آپ نے ملا باقر مجلسی کا یہ خوفناک وخطرناک فتویٰ پڑھ لیا کہ (نعوذ باللہ) شیخین یعنی ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما کافر تھے اور ان سے محبت کرنے والا بھی کافر ہے۔ حالانکہ ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما کی محبت ہر مسلمان کے ایمان کا جزء ہے۔ تو اس فتویٰ کے مطابق سارے کے سارے مسلمان کافر ٹھہرے۔ رواداری کا درس دینے والے حضرات یہ غلاظت بھی ملاحظہ فرمائیں!

سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضورِ اکرم ﷺ کے سسر اور آپ ﷺ کے دوسرے خلیفۂ برحق ہیں حضورِ انور نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اللہ تعالیٰ سے مانگا تھا، اسلئے حضرت عمر رضی اللہ عنہ مرادِ رسول بھی ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: لَوْ کَانَ بَعْدِیْ نَبِیٌّ لَکَانَ عُمَرَ (کہ اگر میرے بعد کوئی نبی ہوتا تو وہ عمر ہوتا) اس مبارک ہستی اور امتِ مسلمہ کے محبوب کے خلاف ملا باقر مجلسی اپنی کتاب، عکسِ تذکرۃ الائمہ، کے صفحہ ۱۰۳ پر تحریر کرتا ہے: عمر شوکیوز است (بلغتِ عبرانی یعنی ولد الزنا) یعنی عمرؓ (العیاذ باللہ) ولد الزنا ہے۔

قارئین کرام! اس فرقہ کے غلیظ عقائد کو کس حد تک بیان کیا جائے انہی چند عقائد پر اکتفاء کرتے ہیں۔ ورنہ ان کی کتابوں کا اگر مطالعہ کیا جائے تو معلوم ہو جاتا ہے کہ ساری غلاظت سے بھری پڑی ہیں۔

چند شبہات کے جوابات: اس قدر کفریہ عقائد کے باوجود کچھ علماء اس فرقہ کی تکفیر میں تردد کا شکار ہیں۔ اسکی وجہ وہی ہے جس کا ذکر حضرت مولانا سرفراز خان صفدر دامت برکاتہم العالیہ نے اپنی کتاب ارشاد الشیعہ میں کیا ہے۔ یہی اشکالات جو موجودہ دور کے چند علماء کو پیش آئے

www.jmmpak.tk

ہیں کچھ عرصہ قبل حضرت مولانا عبدالماجد دریا آبادی کو بھی پیش آئے تھے۔ جس کا پس منظر یہ ہے کہ جب مولانا عبدالشکور صاحب فاروقیؒ نے شیعہ اثنا عشریہ کے خارج از اسلام ہونے کے بارے میں فتویٰ مرتب کر کے اسے حضرت مولانا سید حسین احمد مدنیؒ حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحبؒ حضرت مولانا محمد ابراہیم صاحب بلیاویؒ حضرت مولانا شبیر احمد عثمانیؒ حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحبؒ جیسے اکابر علماء واصحابِ فتویٰ کی تصدیق کے ساتھ شائع کیا تھا تو مولانا عبدالماجد دریا آبادیؒ نے حکیم الامت حضرت تھانویؒ کی خدمت میں اس بارے میں اپنے اشکالات وشبہات تحریراً عرض کئے تھے حضرت تھانوی نے اپنے معمول کے مطابق مولانا دریا آبادی کے خط کے ہر جز کا الگ الگ جواب تحریر فرمایا تھا۔

السوال اور تتمۃ السوال کے زیرِ عنوان مولانا دریا آبادی کے خط کی عبارت ہے اور الجواب اور تتمۃ الجواب کے زیرِ عنوان حضرت حکیم الامت کا جواب ہے۔

السوال: ایک فتوے کی نقل مرسلِ خدمت ہے اس پر علاوہ دوسرے مستند علماء کے حضرت مولانا [حسین احمد مدنی] تک کے دستخط ثبت ہیں۔ لیکن میں عرض کروں کہ مجھے شرح صدر اب بھی نہیں، شیعوں کو مبتدع، فاسق، فاسد العقیدہ وغیرہ اور جو کچھ کہہ لیا جائے اس کا میں بھی پوری طرح قائل ہوں۔ لیکن کافر اور خارج از اسلام کہنے سے جی لرز اٹھتا ہے۔

الجواب: یہ علامت ہے آپ کی قوتِ ایمانیہ کی۔ مگر جنہوں نے فتویٰ دیا ہے اس کا منشأ بھی وہی قوتِ ایمان ہے کہ جس کو ایمانیات کا منکر دیکھا بے ایمان کہہ دیا۔

تتمۃ السوال: اگر ہر گمراہ فرقہ یوں ہی خارج از اسلام ہوتا رہا تو مسلمان رہ ہی کتنے جائیں گے ؟

تتمۃ الجواب : اس کا کون ذمہ دار ہے خدانہ کردہ اگر کسی مقام میں کثرت سے لوگ مرتد ہو جائیں اور تھوڑے ہی مسلمان رہ جائیں تو کیا اس مصلحت سے ان کو بھی کافر نہ کہا جاوے گا۔

تتمۃ السوال: شیعوں سے مناکحت اگر تجربہ سے مضر ثابت ہوئی ہے تو بس تہدیداً اس کا روک دینا کافی ہے۔

تتمۃ الجواب: اس تہدید کا عنوان بجز اس کے کوئی اور ہے ہی نہیں، غور فرمایا جائے۔

تتمۃ السوال: میرا دل تو قادیانیوں کی طرف سے ہمیشہ تاویل ہی کی تلاش کرتا رہتا ہے۔

www.jmmpak.tk

تتمۂ الجواب: یہ غایتِ شفقت ہے لیکن اس شفقت کا انجام سید ھے سادے مسلمانوں کے حق میں عدم شفقت ہے وہ اچھی طرح ان کا شکار ہوا کریں گے۔

تتمۂ السوال: جو بناءِ تکفیر قرار دی گئی ہے یعنی تحریفِ قرآن، مجھے اس میں تأمل ہے۔ اگر یہ عقیدہ ان کے مذہب کا جزو ہوتا تو حضرت شاہ عبدالعزیزؒ وغیرہ سے مخفی نہ رہتا۔

تتمۂ الجواب: جب اُن کی مسلّم کتابوں سے جزئیت ثابت ہے پھر حضرت شاہ صاحب کا اگر سکوت ثابت ہو جس کی مجھ کو تحقیق نہیں تو ان کے سکوت میں کچھ تأویل ہوگی نہ کہ جزئیت میں۔

ضروری وضاحت:

حضرت شاہ صاحبؒ کی مشہور کتاب "تحفہ اثنا عشریہ" (مطبوعہ نولکشور پریس ص ۲۰۱، تا ص ۲۰۲) کی درج ذیل عبارت غالباً مولانا عبدالماجد صاحبؒ کی نظر سے نہیں گذری، (ورنہ اشکال کی نوبت نہ آتی) اما کتاب اللہ پس نزد شیعہ از درجہ اعتبار ساقط شدہ و مثل توریت و انجیل قابلِ تمسک نماندہ زیرا کہ تحریفِ بسیار درو راہ یافتہ واحکام بسیار از منسوخ شدہ و آیات و سور کہ ناسخ احکام و مخصصِ عمومات بود تدبدزدی رفتہ۔ و آنچہ باقی است بعضے الفاظ او مبدل وبعضے زائد وبعضے ناقص۔ روی الکلینی عن ہشام ابن سالم عن ابی عبداللہؑ انّ القرآن الذی جاء بہ جبرئیل الی محمد ﷺ سبعۃ عشر الف آیۃ ---- الخ ترجمہ: اب سنو کہ کتاب اللہ تو شیعہ کے نزدیک درجہ اعتبار سے ساقط ہوئی۔ اور توریت و انجیل کی طرح قابلِ تمسک کے نہ رہی اس واسطے کہ اس میں تحریف بہت ہوگئی، اور بہت احکام منسوخ ہوئے، بہت آیتیں اور سورتیں کہ ناسخ احکام اور مخصص عام باتوں کی تھی چوری ہوگئیں، اب جو کچھ باقی ہے، اس کے بعض الفاظ مبدل (تبدیل شدہ) بعض زائد بعض ناقص ہیں۔ کلینی نے ہشام بن سالم سے اور اس نے ابو عبداللہ سے روایت کیا کہ بے شک وہ قرآن جو جبرئیل محمد ﷺ کے پاس لائے، سترہ ہزار (۱۷۰۰۰) آیتیں تھیں [واضح رہے موجودہ قرآن ۶۶۶۶ آیات پر مشتمل ہے]۔ اور محمد بن نصر نے اس سے روایت کیا کہ اس (ابو عبداللہ) نے کہا سورت 'لم یکن' میں قریش کے ستر آدمیوں کے نام تھے، کہ ان کے نام بھی ان کے آباء کے نام بھی۔ اور یہ بھی ان کے نزدیک ثابت اور مقرر اور مشہور ہے کہ بعض سورتیں بالکل (مکمل) ساقط [حذف] کر دی گئی ہیں، جیسے "سورۃ الولایۃ"۔ (ہدیہ مجیدیہ ترجمہ تحفہ اثنا عشریہ)

www.jmmpak.tk

